یا صاحب الزمان ادرکنی
انچارج لائبریری
انجمن سپاہ منتظر مہدی
گڑھ مہاراجہ ضلع جھنگ

وقف
انجمن سپاہ امام مہدی منتظر عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف

القائم

یہ کتاب مندرجہ ذیل مقامات سے مل سکتی ہے۔

- ادارہ القائم رجسٹرڈ پوسٹ بکس نمبر ۹۹۴ لاہور
- ادارہ القائم رجسٹرڈ باٹا پور لاہور
- مکتبہ السبطین B/۲۹۶/۹ سٹلائیٹ ٹاؤن سرگودھا
- مکتبہ جعفریہ مرکزی امام بارگاہ بلاک نمبر ۲۴ سرگودھا
- زیدی بک ایجنسی موچی دروازہ لاہور
- مکتبہ کاظمیہ مخزن العلوم جعفریہ ملتان
- رحمت بک ایجنسی کھارادر کراچی
- محفوظ بک ایجنسی مارٹن روڈ کراچی

س: کیا امیر المومنینؑ نے اس دنیا میں تشریف لاتے ہی تلاوت قرآن فرمائی تھی؟

ج: بحار الانوار وغیرہ میں اس مضمون کی ایک طویل روایت موجود ہے اگرچہ بعض علمائے اعلام جیسے علامہ سید ہبۃ الدین شہرستانی نے اپنے رسالہ "الدلائل والمسائل" میں اس پر تنقید کرکے اس کی تضعیف کی ہے "واللہ العالم"

س: کیا امیر المومنین کو غزوۂ احد میں جو ذوالفقار عطا ہوئی تھی وہ آسمان سے اتری تھی؟

ج: مشہور و منصور قول یہ ہے کہ جناب رسول خداؐ نے عطا فرمائی تھی۔

"واللہ العالم"

س: کیا آپ کے نزدیک نہج البلاغہ مکمل کلام امیر المومنین ہے۔ اگر ہے تو کون سی دلیل ہے۔؟

ج: ہاں دوسرے علماء و فقہاء کی طرح میرے نزدیک بھی نہج البلاغہ جناب امیر المومنینؑ کے کلام حق ترجمان کا معتبر و مستند مجموعہ ہے اور اس موضوع کے متعلقہ دلائل اور منکرین کے جملہ شکوک شبہات کے جوابات معلوم کرنے کے لئے استناد نہج البلاغہ (عربی) یا منہاج نہج البلاغہ (اردو) کی طرف رجوع کریں۔

س: حضرت آدمؑ کی نسل کس طرح بڑھی، پہلی، پچھلی (۲) فرزند تھے ان کی شادی کس سے ہوئی اگر کسی حور سے شادی ہوئی تھی تو کیا دوسری نوع سے عقد ہو سکتا ہے؟

ج: اس سلسلے میں آئمہ طاہرینؑ کے ارشادات کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت آدم کے دو بیٹوں میں سے ایک کے لئے خدائے قدیر نے جنت سے حور بھیجی اور دوسرے کے لئے ایک جنیہ کا انتظام کیا اور عقد و ازدواج کے نتیجہ میں جو اولاد پیدا ہوئی ان کی آگے آپس میں شادیاں ہوئیں۔ اور اس سے اولادِ آدم کا بطریق حلال سلسلہ بڑھا (احتجاج طبری اور بحار الانوار وغیرہ) عقدِ نکاح کے جہاں دوسرے شرائط مذکور ہیں جیسے (اسلام) ایمان وغیرہ۔ وہاں کسی کتاب میں اتحادِ نوع کا کوئی تذکرہ نہیں ہے۔ "واللہ العالم"